ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in

آر بی آئی/2020-2019/244 — 23 مئی 2020

ڈی او آر نمبر بی پی۔ بی سی۔ 71/21.04.048/2019-20

سبھی کمرشیل بینکیں (بشمول اسمال فائینس بینکیں، مقامی علاقائی بینکیں اور علاقائی دیہی بینکیں)

سبھی پرائمری کوآپریٹیو بینکیں (شہری) / اسٹیٹ کوآپریٹیو بینکیں / ڈسٹرکٹ سینٹرل کوآپریٹیو بینکیں

سبھی آل انڈیا فائینینشیل ادارے

سبھی این بی ایف سی ز (بشمول ہاؤسنگ فائینشنگ کمپنیاں)

محترم / محترمہ

کووڈ۔19۔ ریگولیٹری پیکیج

برائے مہربانی ہمارے مورخہ 7مارچ 2020 کا سرکلر ڈی او آر نمبر بی پی بی سی۔ 47/21.04.048/2019-20 اور مورخہ 7اپریل 2020 کا سرکلر ڈی او آر نمبر بی پی بی سی۔ 63/21.04.048/2019-20 کا حوالہ لیں جس کے ذریعہ اس مہلک وبا کوووڈ۔19 کا پھوٹ پڑنے سے راحت کے طور پر اثاثوں کی درجہ بندی اور پراویزننگ نارمس سے متعلق کچھ ریگولیٹری قدموں (طریقوں) کا اعلان کیا گیا ہے۔ جیسا کہ 22مئی 2020 کو گورنر صاحب کے خطاب میں اعلان کیا گیا تھا۔ کووڈ۔19 کی شدت نے جو اتھل پتھل مچائی ہے اس کی وجہ سے رقم کی واپس ادائیگی کے دباؤ میں راحت دینے کو ترجیح اور قرض کی خدمات کے بوجھ کو کم کرنے کے لئے ورکنگ پونجی تک پہونچ پر زور۔ یہ ایسے قدم ہیں جس سے صحیح معیشت میں مالیاتی دباؤ کی طرف سے توجہ ہٹائی جا سکتی ہے اور تجارت کی برقراری میں تسلسل کو یقینی بنایا جا سکتا ہے۔ نتیجتاً اس معاملہ میں تفصیلی ہدایات مندرجہ ذیل ہیں:

(i): ادائیگی کو از سر نو ترتیب دینا۔ میعادی قرضوں اور ورکنگ پونجی سہولیات:

2. لاک ڈاؤن میں توسیع اور کووڈ۔19 سے پریشانیوں میں اضافہ کو دھیان میں رکھتے ہوئے سبھی کمرشیل بینکوں (بشمول علاقائی دیہی بینکیں، لوکل ایریہ بینکیں)، کوآپریٹیو بینکیں، آل انڈیا مالیاتی ادارے اور این بی ایف سی ز (بشمول ہاؤسنگ فائینس کمپنیاں اور لینڈنگ ادارے) کو اجازت دی جاتی ہے کہ وہ رقم واپس ادائیگی میں 3 ماہ کی مزید مہلت یکم/جون 2020 سے 31اگست 2020 تک میعادی قرضوں (بشمول زراعتی میعادی قرضہ، پھٹکر اور فصلی قرضہ) سبھی قسطوں پر دیں۔ اس کے مطابق ایسے سبھی قرضوں اور باقی بچے حصوں پر بھی واپسی کے شیڈول کو بورڈ کے سامنے رکھا جائے۔ سود ان پر واجب الادا بنا رہے گا۔ بچی رقم پر اس مہلت کی مدت میں بھی سود لیا جائے گا۔

3. جہاں تک ورکنگ پونجی کی سہولت جو کیش کریڈیٹ / اوورڈرافٹ (سی سی/ او ڈی) کی شکل میں ہے کے معاملہ میں لینڈنگ انسٹی ٹیوشنس (قرض دینے والے ادارے) کو اجازت دی جاتی ہے کہ وہ اس میں 3 ماہ کے لئے تاخیر کر دیں اور یہ تاخیر یکم/ جون 2020 سے 31اگست 2020 کے وقفہ کے لئے ہوگی ان سبھی سہولیات پر سود کی وصولی مؤخر کر دی جائے۔ قرض دینے والے ادارے اپنی صوابدید پر اپنے

مجموعی سود کو اس مؤخر مدت 31 اگست 2020 تک فنڈ انٹریسٹ ٹرم لون (ایف آئی ٹی ایل) میں تبدیل کر سکتے ہیں جس کی ادائیگی 31 مارچ 2021 تک کی جا سکے گی۔

(ii) ورکنگ پونجی فائینینسنگ کو آسان بنانا:

4: قرض لینے والوں (بارووَرس) کے لئے منظور کی گئی کیش کریڈٹ/اوورڈرافٹ کی شکل میں ورکنگ پونجی سہولت پر بھی کووڈ-19 مہلک بیماری کا سایہ پڑ رہا ہے اس سے معیشت لڑکھڑا رہی ہے اور بارووَرس پر دباؤ ہے لہٰذا قرض دینے والے ادارے صرف ایک مرتبہ کے لئے کچھ راحت کے قدم اٹھا سکتی ہے۔

(i) 31 اگست 2020 تک اپنے مراجن میں کمی کر کے ''ڈرائنگ پاور'' کو پھر سے شمار کریں ان سبھی معاملوں میں جہاں عارضی طور پر ڈرائنگ پاور میں اضافہ پر غور کیا جاتا ہے مارجن کو اصل لیول تک 31 مارچ 2021 تک پھر سے واپس لایا جا سکتا ہے۔

(ii) 31 مارچ 2021 تک منظور شدہ لمٹ پر دوبارہ غور (ورکنگ پونجی کی لمٹ) ورکنگ پونجی سائیکل (چکر) کے دوبارہ غور کی بنیاد پر کیا جا سکتا ہے۔

5: مندرجہ بالا قدم قرض دینے والے اداروں کو مطمئن کرنے کے لئے ہنگامی طور پر کووڈ-19 مہلک وبا کے اثرات سے نپٹنے کے لئے اٹھائے گئے ہیں۔ مزید یہ کہ ان ہدایات کے تحت راحت پانے والے اکاؤنٹس سپروائزری رویو کی شرط کے ساتھ جس کو کووڈ-19 کی وجہ سے ان کی معیشت میں واقعی میں ہونے والے نقصان کے مدنظر ہیں۔

اثاثوں کی درجہ بندی:

7: مجموعی سود کو ایف آئی ٹی ایل میں تبدیل کرنے جیسا کہ مندرجہ بالا پیرا 3 میں بتایا گیا ہے اور کریڈٹ ٹرم میں بارووَرس کو راحت دیتے ہوئے کووڈ-19 کی وجہ سے گری ہوئی معیشت پر قابو پانے کے لئے جیسا کہ پیرا 4 میں بھی بتایا گیا ہے۔ یہ اقدام کا مطلب بارووَرس کی مالیاتی پریشانیوں کو ابارنے کے لئے دی گئی راحت کو ایک چھوٹ کے طور پر نہیں مانا جائے گا۔ آر بی آئی (دباؤ والے اثاثوں کے حل کے لئے پروڈینشیل فریم ورک) ڈائریکشنس 2019 مورخہ 7 جون 2019 (پرڈینشیل فریم ورک) کے پیراگراف-2 کے تحت یہ اسیٹ کلاسیفکیشن کو کم تر نہیں کرے گا۔

8: 29 فروری 2020 تک جو اکاؤنٹس معیاری مانے گئے ہیں کے معاملہ میں، مہلت کی مدت جو میعادی قرضوں کو دی گئی ہے قرض دینے والے اداروں کے ذریعہ جتنے بھی دنوں کے لئے اثاثوں کی درجہ بندی کے لئے آئی آر اے سی شرائط کے تحت، ایسے اکاؤنٹس کے لئے 3 ماہ کے لئے مہلت ترمیم شدہ تاریخ سے کی جائے گی اور واپس ادائیگی کا شیڈول اُسی حساب سے ترتیب دیا جائے گا۔

9: اسی طرح سے کیش کریڈٹ/اوورڈرافٹ کی شکل میں منظور کی گئی ورکنگ پونجی سہولیات، جہاں ایسے اکاؤنٹس کو معیاری درجہ میں رکھا گیا ہے۔ اس میں شامل ہیں ایس ایم اے ان کی 29 فروری 2020 کی حیثیت کو مانتے ہوئے مندرجہ بالا پیرا 3 کے مطابق مؤخر مدت جو منظور کی گئی ہے کو اس میں آؤٹ آف آرڈر اسٹیٹس کے طور پر باہر رکھا جائے گا۔

10: 27 مارچ 2020 اور 17 اپریل 2020 کے سرکلرس کے سبھی دوسرے پرووِیزنس بغیر تبدیلی کے ویسے ہی رہیں گے۔

آپ کا مخلص

(سوروسنہا)

(چیف جنرل منیجر انچارج)